E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد، کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | سوموار 26 اکتوبر 2026ء/14 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 254

پاکستان کا زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور

پاکستان اور قطر کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان اور قطر کے درمیان بحری نقل و حمل اور شپنگ کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پاکستان نے آئل ٹینکرز، ایل این جی کیریئرز اور کنٹینر جہازوں کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پیش کیے

اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ورکنگ گروپس تیسرے اجلاس سے قبل تجارتی اور سرمایہ کاری کے مواقع سمیت مختلف شعبوں میں پیش رفت کی رپورٹس تیار کریں گے

دوحہ (این این آئی) پاکستان اور قطر نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اس حوالے سے پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس دوحہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطر کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ تجارت ڈاکٹر احمد بن محمد السیدے کی۔ اجلاس میں پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اپریل 2026ء میں ہونے والے پہلے اجلاس کے بعد دوطرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان نے پاک قطر تعاون کونسل آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستانی حکام نے بتایا کہ قطر سے متعدد کمپنیوں نے پاکستان میں سرمایہ کاری میں دلچسپی ظاہر کی ہے، جبکہ رسمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا ہے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 25)

افغانستان کو چاہیے کہ وہ دہشتگرد و عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرے اور پاکستان میں دراندازی روکنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے

افغانستان بے بنیاد الزامات کے بجائے دہشتگردوں کے ٹھکانے ختم کرے

پاکستان نے افغانستان کو دراندازی اور دہشتگردی کے ٹھوس شواہد فراہم کیے ہیں، استنبول اور دوحہ مذاکرات کے دوران بھی افغان نمائندوں کے سامنے یہ ثبوت رکھے گئے

پاکستان پر لگائے جانے والے افغان الزامات کی کوئی حقیقت نہیں، افغانستان اپنی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دراندازی کا مکمل خاتمہ یقینی بنائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے اور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ افغان حکام کی پاکستان کے خلاف الزام تراشی کو مسترد کرتے ہیں، طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان پر لگائے جانے والے افغان الزامات کی کوئی حقیقت نہیں، افغانستان اپنی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دراندازی کا مکمل خاتمہ یقینی بنائے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

افغانستان بے بنیاد الزامات لگانے کے بجائے دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کرے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان پر



جلسہ وزیر مملکت خواندہ بیٹے بال اکبر کیانی جلسہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے منتخب عہدیداران کی حلف برداری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کا سب سے بڑا ایئر پراجیکٹ تیاری کے قریب

وزیر ہاؤسنگ کے وژن کے تحت پاکستان اور پنجاب کے پہلے جدید ترین ٹیکنالوجی اور سہولیات سے لیس فلم سٹی کے آغاز کی تیاریاں مکمل، 15 دسمبر کو افتتاح

سینئر صوبائی وزیر کی زیر صدارت پنجاب فلم انڈسٹری کے لیے اجلاس میں فلمی صنعت کی بحالی، جدید فلم سازی، لاہور کو دوبارہ فلم انڈسٹری کا مرکز بنانے کیلئے اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب کو فلم، ڈرامہ، ثقافت اور سیاحت کا مرکز بنانے اور نواز شریف کے وژن کے تحت پاکستان اور پنجاب کے پہلے جدید ترین ٹیکنالوجی اور سہولیات سے لیس فلم سٹی کے آغاز کی تیاریاں مکمل ہو گئیں، افتتاح 15 دسمبر کو ہوگا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت پنجاب فلم اتھارٹی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

تیاری کے قریب پہنچ گیا ہے وزیر اعلیٰ مریم شاندار ماضی والی آب و تاب واپس لانے کے لئے پاکستان کا سب سے بڑا پراجیکٹ



پنجاب میں جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس فلم سٹی کے آغاز کی تیاریاں مکمل، افتتاح 15 دسمبر کو ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے پہلے جدید ترین ٹیکنالوجی اور سہولیات سے لیس فلم سٹی کے آغاز کی تیاریاں مکمل ہو گئیں جس کا افتتاح 15 دسمبر کو ہوگا۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت پنجاب فلم اتھارٹی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

لاہور: پولیس ہیلپر گرما گرم دعائیہ تقریب کے موقع پر سیکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

کراچی، ناظم آباد میں پولیس کی فائرنگ سے نوجوان زخمی، ہیلپر کا اسپتال چھوڑ کر روانہ

ناظم آباد نمبر 2 کے قریب پولیس ہیلپر پیچھے سے آئے اور تین فائر کیے۔ دو گولیاں ان کی ٹانگوں کے قریب سے گزریں، جبکہ ایک گولی شوہم کو لگی

ڈاکو سمجھ کر موٹر سائیکل سوار نوجوانوں پر فائرنگ کا الزام، زخمی کی پیٹھ میں گولی لگی؛ اہل خانہ کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے ناظم آباد میں مبینہ طور پر پولیس اہلکاروں نے ڈاکو سمجھ کر موٹر سائیکل سوار نوجوانوں پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں شہروم نامی نوجوان زخمی ہو گیا۔ اہل خانہ کے مطابق پولیس اہلکار زخمی نوجوان کو عباسی شہید اسپتال چھوڑ کر چلے گئے، جہاں سے بعد ازاں اسے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ نوجوان کے مطابق دو روز قبل ایک موٹر سائیکل پر گزر رہا تھا کہ اسی دوران عقب سے نوجوانوں پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں 125 (باقی صفحہ اندرونی نمبر 36)

ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستانی ڈیری سیکٹر میں اہم پیشرفت

منصوبے سے پاکستان کی ویلیو ایڈڈ برآمدات میں اضافہ اور ڈیری صنعت کی ترقی کو فروغ ملے گا

فیصل آباد میں ڈیری پروسیسنگ پلانٹ کے قیام کے لیے 55 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے منصوبہ کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) آکٹل انویسٹمنٹ فیسلی ٹیٹر کونسل (ایس آئی ایف سی) کی معاونت سے پاکستان کے ڈیری سیکٹر میں اہم پیش رفت ہو رہی ہے۔ ایس آئی ایف سی کے تعاون سے فیصل آباد میں ڈیری پروسیسنگ پلانٹ کے قیام کے لیے 55 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے منصوبہ کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت انٹرایوہ ہولڈنگز اور ترکیہ کی کمپنی ریا گیو اشتراک طور پر جدید ڈیری پروسیسنگ پلانٹ قائم کریں گی۔



اسلام آباد: چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فرخ گریا کیونیا اور وزیر اعظم کے ایڈوائزر برائے سیاحت مرزا یاسر الیاس مفاہمت کی یادداشت پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

کھیت کھلیانوں سے منہ موڑتے نوجوانوں کو آرگینک زراعت کی طرف لایا جائے

نوجوانوں کو صرف فصل اگانے تک محدود رکھنے کے بجائے آرگینک فوڈ برانڈز، ویلیو ایڈیشن، برآمدات کی ترغیب دی جائے

پاکستان کی آرگینک فصلیں عالمی منڈی میں دھوم مچا سکتی ہیں، حکومت نوجوانوں کو پرکشش مراعات دینے کی پالیسی لائے

اسلام آباد / لاہور (این این آئی) آرگینک زراعت و مصنوعات پر تحقیق کرنے والے ادارے کے سربراہ ڈاکٹر ہماری نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو جدید آرگینک

پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا

معاہدے کے تحت سعودی عرب کے سرمایہ کار اسلام آباد میں تھیم پارک اور تجارتی مرکز کی تعمیر کریں گے، پی ڈی اے تھیم پارک کے لیے اراضی فراہم کرے گی

معاہدوں پر وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات طارق فضل چوہدری اور سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر نواف سعید المالکی نے دستخط کیے

لاہور (این این آئی) پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا، تعمیر پارک پر اٹھنے والے اخراجات سعودی عرب میں سرمایہ کار برداشت کریں گے، پارک کی تعمیر کے لیے 2 سال کا عرصہ مقرر کیا گیا ہے۔ معاہدوں پر وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات طارق فضل چوہدری اور سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر نواف سعید المالکی نے دستخط کیے۔ محسن نقوی کی جانب سے تعمیر پارک پراجیکٹ کے معاہدے پر وفاقی وزیر داخلہ و انسداد دہشتگردی محسن نقوی مہمان خصوصی تھے۔ مفاہمتی یادداشت پر سعودی پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین شہزاد منصور بن محمد اور انہوں نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

امریکہ کا سپر پاور کا گھمنڈ اسے ٹکنے نہیں دے رہا، خواجہ سعد رفیق

پاسداران انقلاب کے بے لچک رویے نے بھی منتخب ایرانی قیادت کا کام مشکل، دشمن کا کام آسان کیا ہے

ہمارے سمیت ترقی پذیر ممالک اس جنگ کے برے اثرات شدت سے بھگت رہے ہیں، سینئر رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے امریکہ کا سپر پاور کا گھمنڈ اسے ٹکنے نہیں دے رہا، ایک امریکی صدر کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے پوری دنیا پریشان ہے، عالمی امن کی شدید کمزوری اور سہولتی چار حامہ سازشیں عالمی امن کی تباہی کی بنیاد ہیں، امریکہ کا سپر پاور کا گھمنڈ اسے ٹکنے نہیں دے رہا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

سرکاری اسپتالوں میں ایچ آئی وی کے بڑھتے کیسز؛ ملک میں طبی ایمرجنسی کا مطالبہ

چند بچوں کے انکل کا ہیپاٹائٹس بی اور ایچ آئی وی کا شکار ہونا تشویشناک، ہیلتھ ایمرجنسی کا مطالبہ

بچوں کے وکیل طارق منصور نے وفاقی حکومت کو خط ارسال کرتے ہوئے سرکاری اسپتالوں میں بچوں میں ایچ آئی وی کے بڑھتے کیسز کے باعث ملک میں طبی ایمرجنسی نافذ کرنے کا مطالبہ سامنے آگیا۔ ایچ آئی وی سے متاثرہ بچوں کے انکل کا کہنا ہے کہ ڈنل ایسٹ کے مضافاتی علاقے چک 87 میں ایک ہی علاقے کے 200 سے زائد بچے ایچ آئی وی پازیٹو نکلے ہیں، ان بچوں کو ایک ہی سرنج سے انجکشن لگائے گئے، ایچ آئی وی کے پھیلاؤ کی وجہ سے ہیپاٹائٹس بی کے کیسز میں بھی اضافہ ہوا ہے، ایک ہی علاقے کے 200 بچوں کا ایچ آئی وی پازیٹو نکلنا تشویشناک ہے، ہیلتھ ایمرجنسی نافذ کرنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

چین میں مصنوعی ذہانت کے انجینئرز کی طلب میں 1523 فیصد اضافہ

بائیٹ ڈانس نے ایک آسامی کے لیے ماہانہ 65 ہزار یوآن تنخواہ کی پیشکش کی ہے

بیجنگ (این این آئی) چین میں مصنوعی ذہانت کے انجینئرز کی طلب میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جہاں رواں سال کے پہلے 7 ماہ کے دوران ایک خاص شعبے کے انجینئرز کی آسامیوں میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

ناڈرا کی جانب سے شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری

ناڈرا میگا سنٹر پیکیج ڈپو 26 اکتوبر، ایکسچینج روڈ ڈپو 27 اکتوبر کو کھلی کچہری منعقد ہوگی

ملتان (این این آئی) ناڈرا کی جانب سے شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر/ڈی جی ناڈرا ملتان کی جانب سے شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

دورانِ ڈکیتی شوہر اور بچوں کے سامنے زیادتی ڈرامہ نکلا، ماسٹر مائنڈ گرفتار

پولیس نے منصوبہ ساز کو گرفتار کر لیا، مقدمہ درج کر کے دیگر ملزمان کی تلاش شروع کر دی

ملتان (این این آئی) ملتان میں شوہر اور بچوں کے ساتھ سفر کرنے والی خاتون کی جانب سے زیادتی کا جھوٹا دعویٰ نکلا جس کا مقدمہ درج کرنے والی خاتون کی جانب سے زیادتی کا جھوٹا دعویٰ نکلا جس کا اس واقعے میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)





آپریشن شعبان ٹو: شعبان میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، 33 دہشت گرد ہلاک


25 سے 30 ستمبر تک جاری رہنے والے آپریشن میں 23 لاشیں برآمد، متعدد ٹھکانے تباہ، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود قبضے میں لے لیا گیا


زیارت: زیارت اور ملحقہ علاقوں میں دہشت گردی، اغوا برائے تاوان اور سیکیورٹی و سرکاری اہلکاروں پر حملوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز نے آپریشن شعبان ٹو کے نام سے وسیع پیمانے پر کارروائی کی، جس کے دوران 33 دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ 23 دہشت گردوں کی لاشیں بھی برآمد کر لی گئیں۔

کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں غیر ملکی ساختہ اسلحہ، گولہ بارود، فتنہ الخوارج سے متعلق لٹریچر، موٹر سائیکلیں اور گاڑیاں برآمد کیا ہے۔ آپریشن شعبان ٹو کا بنیادی مقصد دہشت گرد عناصر کے منظم نیٹ ورک، ان کے ٹھکانوں اور نقل و حرکت کے راستوں کو نشانہ بنانا، علاقے میں امن و امان بحال کرنا اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا تھا۔









آپریشن شعبان ٹو 25 ستمبر سے 30 ستمبر تک جاری رہا، جس کی کمانڈ انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور بلوچستان ناردھ میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ نے کی۔ کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز نے دشوار گزار اور حساس علاقوں میں سرچ، کلیئرنس اور بھرپور کارروائیاں انجام دیں۔ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج سے منسلک متعدد سہولت ٹھکانوں کو نشانہ بنا کر تباہ کیا گیا۔

کارروائی میں فتنہ الخوارج کے متعدد خفیہ مراکز اور پناہ گاہوں کو کلیئر کیا گیا، جبکہ علاقے میں موجود مشتبہ مقامات پر سرچ آپریشن بھی جاری رکھا گیا۔

Scanned with CamScanner

روزنامہ
پبلک
فیصل آباد
Daily PUBLIC Faisalabad
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افغانی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ سمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

افغانستان بے بنیاد الزامات لگانے کے بجائے دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کرے

وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ افغان حکام کی پاکستان کے خلاف الزام تراشی کو مسترد کرتے ہیں، افغانستان بے بنیاد الزامات لگانے کے بجائے دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کرے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ پاکستان پر لگائے جانے والے افغان الزامات کی کوئی حقیقت نہیں، افغانستان اپنی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دراندازی کا مکمل خاتمہ یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے قیام کی بات کی ہے، تاہم جب بھی پاکستان پر جارحیت مسلط کی گئی، اس کا منہ توڑ جواب دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے واضح کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج آج بھی ہر قسم کی جارحیت کا جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔ ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان کو دراندازی اور دہشتگردی کے ٹھوس شواہد فراہم کیے ہیں، اتحتیول اور دوحہ مذاکرات کے دوران بھی افغان نمائندوں کے سامنے یہ ثبوت رکھے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی کا کوئی جواب نہیں تھا، مذاکرات کے باوجود افغان عبوری حکومت دراندازی روکنے کے لیے تیار نہیں ہوئی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگر افغان سرزمین دہشتگردی کے لیے استعمال ہوتی رہی تو پاکستان کو تمام ضروری اقدامات کرنے کا حق حاصل ہے۔ ڈاکٹر طارق فضل چودھری نے کہا کہ افغانستان کو چاہیے کہ وہ دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کرے اور پاکستان میں دراندازی روکنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سفارت کاری، مشرق وسطیٰ میں امن کی نئی امید

کامیابی ہمیشہ کسی ایک ملاقات یا فوری اعلان کی صورت میں سامنے نہیں آتی۔ بعض اوقات مسلسل رابطوں، موقف کو سمجھنے اور اختلافات کے باوجود بات چیت کا دروازہ کھلا رکھنے سے وہ راستہ نکلتا ہے جو بظاہر بند دکھائی دیتا ہے۔ بین الاقوامی تعلقات کی تاریخ میں متعدد مثالیں موجود ہیں کہ طویل کشیدگی کے بعد مذاکرات کی بحالی نے انہی معاہدوں کی راہ ہموار کی جن کا تصور کچھ عرصہ پہلے مشکل دکھائی دیتا تھا۔ پاکستان کے لیے بھی یہی حکمتِ عملی اہم ہے کہ وہ کھلی، مستقل مزاجی اور معاملاتی سمجھ کے ساتھ امن کی کوششوں کو آگے بڑھائے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان بنیادی اختلافات کا جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ تنازع کا مرکز صرف جوہری پروگرام نہیں بلکہ اعتماد، قومی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے وسیع تر سوالات بھی ہیں۔ ایران کی اعلیٰ قومی سلامتی کونسل کے سیکرٹری برگیڈیئر جنرل محسن رضائی کی جانب سے حملہ پسپائی کے مطالبہ کریں گے تو مذاکرات کی گنجائش محدود ہو جائے گی۔ اس کے برعکس، اگر وہ قابلِ تصدیق اقدامات، باہمی ضمانتوں اور مرحلہ وار عمل درآمد کے ذریعے کسی واپسی معاملہ کے کامیابی ہیشہ کسی ایک ملاقات یا فوری اعلان کی صورت میں سامنے نہیں آتی۔ بعض اوقات مسلسل رابطوں، موقف کو سمجھنے اور اختلافات کے باوجود بات چیت کا دروازہ کھلا رکھنے سے وہ راستہ نکلتا ہے جو بظاہر بند دکھائی دیتا ہے۔ بین الاقوامی تعلقات کی تاریخ میں متعدد مثالیں موجود ہیں کہ طویل کشیدگی کے بعد مذاکرات کی بحالی نے انہی معاہدوں کی راہ ہموار کی جن کا تصور کچھ عرصہ پہلے مشکل دکھائی دیتا تھا۔ پاکستان کے لیے بھی یہی حکمتِ عملی اہم ہے کہ وہ کھلی، مستقل مزاجی اور معاملاتی سمجھ کے ساتھ امن کی کوششوں کو آگے بڑھائے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان بنیادی اختلافات کا جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ تنازع کا مرکز صرف جوہری پروگرام نہیں بلکہ اعتماد، قومی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے وسیع تر سوالات بھی ہیں۔ ایران کی اعلیٰ قومی سلامتی کونسل کے سیکرٹری برگیڈیئر جنرل محسن رضائی کی جانب سے حملہ پسپائی کا مطالبہ کریں گے تو مذاکرات کی گنجائش محدود ہو جائے گی۔ اس کے برعکس، اگر وہ قابلِ تصدیق اقدامات، باہمی ضمانتوں اور مرحلہ وار عمل درآمد کے ذریعے کسی واپسی کا راستہ دیتے ہیں تو مذاکرات کی بحالی ممکن ہو سکتی ہے۔

تجزیہ بی این پی

سفارتی رابطوں، دوطرفہ تعلقات اور کشیدگی میں کمی جیسے موضوعات پر تبادلہ خیال ہوا۔ ذرائع کا اظہار ہے کہ پاکستان مسائل کے حل کے لیے مکالمے کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے۔ ملاقات میں کسی ایک فریق کی جانب سے اظہار کیا جائے والا غیر مناسب طرز عمل مذاکرات کے بگڑنے کا سبب بن سکتا ہے، جس کے اثرات برسوں تک محسوس کیے جائیں۔ اس لیے پاکستان کی کوشش کا بنیادی مقصد تناؤ میں کمی لانا اور خطے کا امن، عالمی تواجاتی کی بحالی میں پورے خطے کا امن، عالمی تواجاتی کی بحالی میں پورے خطے کا امن ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، پاکستان کی موجودہ سفارتی سرگرمیوں کا محور امن کا قیام ہے ساتھ دوطرفہ تعلقات کی بہتری ہے تحت محدود کرکے نہیں دیکھا جاسکتا۔ اس کے پس منظر میں پورے خطے کا امن، عالمی تواجاتی کی بحالی ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، پاکستان کی موجودہ سفارتی سرگرمیوں کا محور امن کا قیام ہے ساتھ دوطرفہ تعلقات کی بہتری کے تحت محدود کرکے نہیں دیکھا جاسکتا۔ اس کے پس منظر میں پورے خطے کا امن، عالمی تواجاتی کی بحالی ہے۔

نئے صوبوں کا قیام، عوامی سہولت اور مضبوط جمہوریت کی ناگزیر ضرورت

پاکستان میں نئے صوبوں کا قیام محض ایک انتظامی بحث نہیں بلکہ عوامی ضرائمنگ، اختیارات کی منصفانہ تقسیم، بہتر طرز حکمرانی اور جمہوری اداروں کی مضبوطی سے جڑا ہوا ایک اہم قومی مسئلہ ہے۔ وقت گزرنے کے ساتھ ملک کی آبادی میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، شہری ضروریات وسیع ہوئی ہیں اور صوبائی دارالحکومتوں پر بھی شدید دباؤ پیدا کر لی ہے، انتظامی ڈھانچہ پرانی حد تک اسی روایتی طرز پر قائم ہے جسے موجودہ حالات میں مؤثر بنانے کے لیے بنیادی اصلاحات کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں "پاکستان کی انتظامی تشکیل نو اور نئے صوبوں کا قیام" کے عنوان سے منعقدہ قومی مباحثے میں سیاسی قیادت اور تکنیکی و قانونی ماہرین کی بڑی تعداد نے اس حقیقت کا واضح طور پر اعتراف کیا کہ موجودہ انتظامی ڈھانچہ عوام کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ثابت ہو رہا ہے۔ یہ مطالبہ کہ نئے صوبے بنائے جائیں، کسی ایک جماعت یا علاقے کا نہیں بلکہ ملک کے مختلف حصوں سے اٹھنے والا ایک مشترکہ مطالبہ بن چکا ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، کسی بھی ریاست کی کامیابی کا انحصار صرف اس کے آئینی ڈھانچے یا حکومتی اداروں کی موجودگی پر نہیں ہوتا بلکہ ان اداروں کے مؤثر طور پر کام کرنے پر ہوتا ہے۔ اصل اہمیت اس امر کی ہے کہ ریاست اپنی شہریوں کو بنیادی سہولتیں کس حد تک آسانی، شفافیت اور بروقت فراہم کرتی ہے۔ اگر ایک عام شہری کو معمولی انتظامی کام کے لیے بھی طویل فاصلے طے کرنے پڑیں، سرکاری دفاتر کے چکر لگانے پڑیں یا اپنے جائز مسائل کے حل کے لیے برسوں انتظار کرنا پڑے تو اس سے ریاست اور شہری کے درمیان فاصلہ بڑھتا ہے۔ ایسے حالات میں پاکستان کی جانب سے معیشت پر جنگ کے اثرات سے نمٹنے کے لیے کی جانے والی کوششیں بھی اسی تناظر میں زیادہ اہم ہیں بلکہ قومی مفادات کے تحفظ کا تقاضا بھی کرتی ہیں۔ پاک فوج کے سربراہ اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا دورِ امریکہ اسی تناظر میں غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ دورہ اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ پائیدار امن کا حصول تنازعات میں مسائل کے حل کے لیے مکالمے کے مظاہرے یا سخت بیانات کی کوششوں کا بنیادی مقصد تناؤ میں کمی لانا اور خطے کا امن، عالمی تواجاتی کی بحالی ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، پاکستان کی موجودہ سفارتی سرگرمیوں کا محور امن کا قیام ہے ساتھ دوطرفہ تعلقات کی بہتری کے تحت محدود کرکے نہیں دیکھا جاسکتا۔ اس کے پس منظر میں پورے خطے کا امن، عالمی تواجاتی کی بحالی ہے۔

نئی آٹو پالیسی، متوسط طبقے کے لیے سستی گاڑی کا خواب حقیقت بنانے کا امتحان

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے نئی پانچ سالہ آٹو پالیسی کے مسودے سے اصولی اتفاق پاکستان کی آٹو موبائل صنعت کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ مجوزہ پالیسی کا مقصد محض گاڑیوں کی پیداوار میں اضافہ کرنا نہیں بلکہ مقامی صنعت کو جدید خطوط پر استوار کرنا، برآمدات کو فروغ دینا، پرزہ سازی کے شعبے کو مضبوط بنانا اور صارفین کو نسبتاً مناسب قیمتوں پر معیاری گاڑیاں فراہم کرنا بھی ہے۔ تاہم پالیسی کی حتمی منظوری سے قبل ہمیں انتظامی ماہرانی نقاط سے مزید مشاورت، وفاقی کابینہ کی منظوری اور قانونی قانون سازی جیسے مراحل طے کرنا ہوں گے۔ ان خاطوں کی تکمیل کے بعد ہی واضح ہو سکے گا کہ حکومت اپنے اعلان کردہ اہداف کو کس حد تک عملی شکل دینے میں کس حد تک کامیاب ہوئی ہے۔

تجزیہ بی این پی کے مطابق، نئی پانچ سالہ آٹو پالیسی کی اصل اہمیت اس امر میں پوشیدہ ہے کہ آیا یہ پالیسی کے عام شہری، بالخصوص متوسط طبقے کے لیے گاڑی خریدنے اور اسے استعمال کرنے کے اخراجات کم کرنے میں مؤثر ثابت ہوتی ہے یا نہیں۔ کسی بھی معاشی پالیسی کی کامیابی کا اندازہ صرف حکومتی اجلاسوں میں طے ہونے والے فیصلوں، سرمایہ کاری کے اعلانات اور صنعتی پیداوار کے اعداد و شمار سے نہیں لگایا جاسکتا، بلکہ اس کے اثرات عام آدمی کی زندگی میں نمایاں ہونے چاہئیں۔ اگر نئی پالیسی کے نتیجے میں گاڑیوں کی قیمتوں پر اختتاظات میں کمی کا امکان پیدا ہوسکتا ہے۔

اہم ہے، اتنا ہی حساس بھی ہے۔ کسی تنازع میں رابطہ کار بننے کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ فریق اس کی نیت، غیر جانب داری اور سنجیدگی پر اعتماد کریں۔ پاکستان کو اس بات کا خیال رکھنا ہوگا کہ اس کی سفارتی سرگرمیاں کسی ایک فریق کے مؤقف کی غیر مشروط تائید کے بجائے کشیدگی میں کمی، بین الاقوامی قوانین کے احترام اور فریقین کے درمیان کی حمایت پر مبنی ہوں۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات نے بھی اس تنازع کو ایک پیچیدہ رخ دیا ہے۔ تاہم، ایسے ان کی جانب سے ایران کے خلاف جنگ سے جلد نکلنے کے امکان کا اظہار ایک طرف جنگ کے خاتمے کی خواہش کی طرف اشارہ کرتا ہے، جبکہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل کرنے سے روکنے کے بارے میں سخت مؤقف دوسری طرف امریکی ترجیحات کی وضاحت کرتا ہے۔ اسی طرح یورپی ممالک کے کردار پر ان کی ناراضی سے مغربی اتحادیوں کے درمیان پالیسی اختلافات سامنے آتے ہیں، جبکہ امریکہ کے ساتھ بھی پاکستان کے سفارتی اور تزویراتی تعلقات کی ایک طویل تاریخ ہے۔ ان دونوں ملکوں کے ساتھ اپنے برابر برقرار رکھنے کی صلاحیت پاکستان کے لیے ایک بڑا امتحان ہوگا۔

خواب حقیقت بنانے کا امتحان

تجزیہ بی این پی

بہتر معیار اور جدید حفاظتی سہولتیں میسر ہونی ہیں اور مقامی صنعت مالی مدد کی بہتر شرائط پر تیار ہونے والی 650 سے 1500 سی سی تک کی بعض گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی متوقع ہے۔ اس سلسلے میں 660 سی سی گاڑی کی قیمت 28 لاکھ 45 ہزار روپے اور اسی زمرے کی نئی ٹوٹاہی پر چلنے والی گاڑی کی قیمت 26 لاکھ 76 ہزار روپے تک لانے کے تخمینے سامنے آئے ہیں۔ الیکٹرک گاڑیوں پر ایک فیصد سیلز ٹیکس، بعض درآمدی گاڑیوں پر پانچ فیصد کسٹم ڈیوٹی اور وفاقی ایکسائز ڈیوٹی میں رعایت کی تجاویز بھی زیر غور ہیں۔ اگر ان اقدامات کو مناسب منصوبہ بندی اور مؤثر نگرانی کے ساتھ نافذ کیا جائے تو گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔ تاہم ان مجوزہ قیمتوں اور ٹیکسوں کے بارے میں حتمی فیصلہ ہونے تک انہیں منظور شدہ حکومتی بعض درآمدی گاڑیوں پر پانچ فیصد کسٹم ڈیوٹی اور وفاقی ایکسائز ڈیوٹی میں رعایت کی تجاویز بھی زیر غور ہیں۔ اگر ان اقدامات کو مناسب منصوبہ بندی اور مؤثر نگرانی کے ساتھ نافذ کیا جائے تو گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔ تاہم ان مجوزہ قیمتوں اور ٹیکسوں کے بارے میں حتمی فیصلہ ہونے تک انہیں منظور شدہ حکومتی بعض درآمدی گاڑیوں پر ایک فیصد سیلز ٹیکس، ایڈیشن پر پانچ فیصد کسٹم ڈیوٹی اور وفاقی ایکسائز ڈیوٹی میں رعایت کی تجاویز بھی زیر غور ہیں۔ اگر ان اقدامات کو مناسب منصوبہ بندی اور مؤثر نگرانی کے ساتھ نافذ کیا جائے تو گاڑیوں کی قیمتوں میں کمی اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے امکانات پیدا ہوسکتے ہیں۔ تاہم ان مجوزہ قیمتوں اور ٹیکسوں کے بارے میں حتمی فیصلہ ہونے تک انہیں منظور شدہ حکومتی

پنجاب میں اضلاع کی تعداد انیس تک جواب بڑھ کر اکتالیس ہو چکی ہے۔ سندھ میں اضلاع کی تعداد گیارہ سے بڑھ کر تیس تک پہنچ گئی، جبکہ خیبر پختونخوا میں دس سے بڑھ کر چھتیس اور بلوچستان میں چھ سے بڑھ کر تقریباً چالیس اضلاع قائم ہو چکے ہیں۔ ان اعداد و شمار سے واضح ہوتا ہے کہ انتظامی ضروریات کے تحت ملک کے تمام صوبوں میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں کی جاتی رہی ہیں۔ ضلعی اور ڈویژن سطح پر انتظامی اکائیوں میں اضافے کو ضرورت کے مطابق درست تسلیم کیا جاتا ہے تو صوبائی سطح پر اسی نوعیت کی اصلاحات کے امکان کو بھی محض سیاسی حساسیت کی بنیاد پر نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے۔

البتہ نئے صوبوں کی تشکیل اور اضلاع کی تقسیم میں ایک بنیادی فرق کو سمجھنا ضروری ہے۔ ضلع یا ڈویژن قائم کرنے سے اختیارات کی منتقلی اور انتظامی تحمرانی میں بہتری تو آ سکتی ہے، لیکن صوبائی دارالحکومت سے دور علاقوں میں پالیسی سازی، بجٹ کی ترجیحات اور سیاسی نمائندگی کے مسائل ہر صورت حل نہیں ہوتے۔ بعض معاملات میں ایک بڑے صوبے کے مختلف خطوں کے معاشی، جغرافیائی اور سماجی تقاضے اس قدر مختلف ہوتے ہیں کہ ان کے لیے الگ انتظامی ترجیحات اور زیادہ براہِ راست سیاسی نمائندگی کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں نئے صوبے کا تصور محض نقشے پر ایک نئی لکیر کھینچنے کے بجائے حکمرانی کے نظام کو عوامی ضروریات کے مطابق بہتر بنانے کی کوشش بن سکتا ہے۔

1973ء میں آئین کی تشکیل کے وقت قومی اتحاد اور خودمختاری کے وسیع تر مفاد کو سامنے رکھا گیا تھا، جس کا مقصد ایسا نظام تشکیل دینا تھا جو ملک کے تمام علاقوں کے عوام کو یکساں طور پر اقتدار میں شراکت کا احساس دلا سکے۔ اس وقت یہ سوال بھی زیرِ بحث آیا تھا کہ آیا نئے صوبوں کے قیام سے وفاق کمزور ہوگا یا نہیں، مگر اس وقت کی قیادت نے اس خدشے کو مسترد کرتے ہوئے کہا تھا کہ جب عوام کو ان کے گھروں کے قریب اختیار ملے گا تو وہ ریاست کے ساتھ زیادہ مضبوط تعلق محسوس کریں گے۔ آج نصف صدی بعد یہ بحث ایک نئے مرحلے میں داخل ہو چکی ہے۔ اب سوال یہ نہیں کہ نئے صوبے بننے چاہئیں یا نہیں، بلکہ یہ ہے کہ ان کا قیام کس طرح ملک کی وحدت کو مزید مضبوط کرے گا۔

جائز مسائل کے حل کے لیے برسوں انتظار کرنا پڑے تو اس سے حکومتی نظام کی افادیت پر سوالات پیدا ہونا فطری امر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جدید دنیا میں انتظامی امور کو عوام کے قریب لانے، مقامی حکومتوں کو بااختیار بنانے اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کو خصوصی اہمیت دی جاتی ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قومی مباحثے میں انتظامی مسائل کے حل کے لیے بلوچستان میں ڈویژنوں کی تعداد آٹھ سے بڑھا کر بارہ کرنے کی تجویز پیش کی۔ یہ حقیقت کو واضح کرتی ہے کہ بڑھتی ہوئی آبادی، وسیع جغرافیائی حدود اور مقامی ضروریات کے پیشِ نظر انتظامی تقسیم میں تبدیلی ناگزیر ہو سکتی ہے۔ جب کسی صوبے کے اندر عملی طور پر دو انتظامی اکائیاں قائم کرنے کے لیے مرکز اور صوبائی سطح پر بھی اس امکان کا جائزہ لیا جائے تو پھر صوبائی سطح پر بھی اس امکان کا جائزہ لینے سے گریز کی روش اصولی رکاوٹ نہیں ہونی چاہیے۔ اصل سوال یہ نہیں کہ انتظامی تقسیم کی جائے یا نہ کی جائے، بلکہ یہ ہے کہ ایسی تقسیم کن اصولوں، ضروریات اور قومی مفادات کو سامنے رکھ کر کی جائے تاکہ اس کے ثمرات عام شہری تک پہنچ سکیں۔

پاکستان کی تاریخ اور موجودہ انتظامی تقسیم کے قابلِ جائزہ بھی اس بحث کو نئی سمت دیتا ہے۔ 1973ء میں آئین کی تشکیل کے وقت

صوبائی (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر کروں گا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ وفاق کے ساتھ ہم آہنگی خیبر پختونخوا کے لیے خوش آئند ہے، صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ ہم وفاق کے ساتھ ایک پیج پر آگے ہیں۔

تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلاب لانا ہوگا، اداروں میں حقیقی بہتری کے لیے انتظامی اقدامات ناگزیر ہیں۔

تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، میڈیا سے گفتگو

صوبائی (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر کروں گا۔ میڈیا

مریم نواز کی قیادت میں فیصل آباد ترقی کی نئی مثال بنے گا، حسن حیدر انصاری

تعلیم، صحت، سڑکوں اور بنیادی سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق کنوینر ظام محمد آباد حسن حیدر انصاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں ترقیاتی منصوبے اپنی مثال آپ ہے، آنے والے دنوں میں فیصل آباد ایک خوبصورت شہر کا نقشہ پیش کرے گا، موجودہ حالات میں مہنگائی اور بیروزگاری ایک بڑا مسئلہ ہے، مریم نواز شریف عوامی خدمت کے جذبے کے تحت صوبے کی ترقی اور عوام کو سہولیات کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں، پنجاب میں ترقیاتی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4 3)

علامہ عبدالرشید قاجزی و دیگر رہنماں کا مہنگائی اور معاشی پالیسیوں پر اظہار تشویش

15 نومبر کو لاہور میں آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس، اتحاد اسلام اور تحفظ حرمین شریفین پر زور دیں گے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) تحریرانوں کی ناانصافی اور کام معاشی پالیسیوں کی بدولت غریب آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول ناممکن ہوتا جا رہا ہے مہنگائی آسمان کو چھو رہی ہے اور سیاسی جماعتیں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے گلی گلی یاترا سجائے کو تیار لگانے سے بھی دریغ نہیں کر رہی۔ ان خیالات کا اظہار علامہ عبدالرشید قاجزی خالد محمود، مفتی آباد کی مولانا اسماعیل سلفی آف (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4 2)

گوادر میں دہشتگردی کی کوشش ناکام، بلوچستان کی سیاسی قیادت کا فورسز کو خراج تحسین

فتنہ الہندوستان کی جانب سے خوارجی درجگ کا حصہ بننے پر صوبائی وزیر سمیت تمام سیاسی قیادت نے شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔ بلوچستان کی سیاسی قیادت نے فتنہ الہندوستان کے گوادر میں دہشت گرد حملے کی مذمت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

گوادر (این این آئی) گوادر میں فتنہ الہندوستان کی جانب سے دہشت گردی کی کوشش ناکام بنانے پر بلوچستان کی سیاسی قیادت نے سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ فتنہ الہندوستان کی جانب سے خوارجی درجگ کا حصہ بننے پر صوبائی وزیر سرباراہان کو 10 دن کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے تمام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

پشاور اسکول سانحہ، 2 ملزمان نے گرفتاری کے خوف سے ضمانت کروالی

عدالت سے متعلق جامع سرکاری رپورٹ بھی متعلقہ محکمے کو ارسال کردی گئی ہے۔

فی اسکول کی تعمیر کا تخمینہ بھی تاحال رپورٹ، جامع رپورٹ متعلقہ محکمے کو ارسال کردی گئی

پشاور (این این آئی) فی اسکول کی چھت گرنے سے ہونے والی ہلاکتوں کے واقعے میں ملزمان نے گرفتاری کے خوف سے ضمانت کروا لی۔ تحصیلدار کے مطابق دیر کالونی اسکول سانحے سے متعلق کیس میں گرفتاری کے ڈر سے 2 ملزمان نے ضمانت کروالی۔ عدالت سے متعلق جامع سرکاری رپورٹ بھی موصول ہوگئی ہے۔ فتنہ الہندوستان کی جانب سے خوارجی درجگ کا حصہ بننے پر صوبائی وزیر سرباراہان کو 10 دن کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے تمام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

قانون کا اطلاق سب سے پہلے خود پر کروں گا، گورنر فیصل کریم کنڈی

تعلیم اور صحت کے شعبوں میں انقلاب لانا ہوگا، اداروں میں حقیقی بہتری کے لیے انتظامی اقدامات ناگزیر ہیں۔

تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق کارروائی ہونی چاہیے، میڈیا سے گفتگو



جلسہ: وزیر محکمت خواندہ یلے بلال اکبر کیانی جلسہ تھیٹر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے ڈوئنٹب عہدیداران سے حلف لے رہے ہیں

فیصل آباد: ڈاکٹر محمد وسیم سید محمد حبیب عرفانی چشتی سجادہ نشین سندر شریف فیصل آباد میں سالانہ عرفانیہ محفل نعت کی صدارت فرما رہے ہیں

پاکستان کی اہم ٹریننگ اداب "متحکم آؤٹ لک" کے ساتھ وسیع تر بی کیڈیری میں واپس آچکی ہیں

علی بابا کے ساتھ ہم نے ای کامرس، کاڈ ا/اسٹرکچر، معنوی ذہانت، سرحد پار ادائیگیوں، ایس ایم ایز تر آمدات بارے خیال کیا

اقوام متحدہ کی ڈپٹی سیکرٹری جنرل آمنہ محمد کے ساتھ خاص ملاقات میں، عالیہ اصغر/پاکستان۔ کارن کے دوران پاکستان کی خاتون کی کوششوں کو خاص طور پر سراہا گیا

مرکزی زی، انہوں نے کہا کہ پی ٹی کیمرکی کی جانب سے مختلف شعبوں کے لیے پالیسی کے تسلسل، بیرونی بلوز، کم سود کے بوجھ اور ادارہ جاتی بہتری کی ضرورت ہوگی، یہی وجہ ہے کہ آئی ایم ایف کے پروگرام میں فیڈ بیک اور آئی ایم ایف کے ساتھ ہماری بات چیت خوش گوار رہی۔ فرخ شہزاد نے کہا کہ آئی ایف ہے بالا شرکت۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و ریونیو مخدوم شہزاد نے کہا ہے کہ پاکستان کی اہم ریکوپ مظلم آٹ لک کے ساتھ وسیع تر بی کیڈیری میں واپس آچکی ہیں، بیکنز اکاسک انتظام کی بحالی کا وسیع تر مقصد لیے حالات پیدا کرنا ہے جس میں کاروبار مرید سرمایہ کاری کر سکیں، برآمد کنندگان مقابلہ کر سکیں اور ٹیکس محرانے مالیات تک رسائی حاصل کر سکیں اور حکومتی سرمایہ پیداواری ترقی کو فروغ دے سکے۔ آرٹیکل میں فرخ شہزاد نے کہا کہ رملہ ویک اور آئی ایم ایف کے پروگرام میں منعقدہ سالانہ اجلاس کے موقع پر پی ٹی موڈ ز اور ایس ایڈ پی کے ساتھ ہماری بات چیت مختلف اہم امور پر



ب فارم موجود نہ ہونے پر بچے کے والد کا شناختی کارڈ نیرایس آئی ایس میں درج کیا جائے، ہدایت

لاہور (این این آئی) محکمہ سکولز ایجوکیشن پنجاب نے ایس آئی ایس میں طلبہ کے ب فارم نمبرز کے اندراج اور دستی کے لیے اہم ہدایات جاری کر دیں۔ سکولز سربراہان کو 10 دن کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے تمام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

رنگ روڈ پر جرمانوں کی شرح میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا

بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر جرمانہ 500 سے بڑھا کر 5 ہزار، غلط ڈرائیونگ پر کار پر 5 ہزار جرمانہ عائد ہوگا

موٹر سائیکل کے داخلے پر 5,000 روپے، پیدل سڑک عبور کرنے پر جرمانہ 200 سے بڑھا کر 1,000 روپے کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ پر جرمانوں کی شرح میں کئی گنا اضافہ کر دیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق رنگ روڈ پر بغیر لائسنس ڈرائیونگ پر جرمانہ 500 سے بڑھا کر 5,000 روپے، غلط لین استعمال کرنے پر 2,000 روپے، موٹر سائیکل پر سوار 3 افراد پر 1,000 روپے جرمانہ عائد ہوگا۔ غلط سمت میں گاڑی چلانے پر 5,000 روپے، اوور اسپیڈنگ پر 5,000 روپے، ریس لگانے پر 10,000 روپے جرمانہ عائد ہوگا۔ بلیک بیچ کے استعمال اور بغیر نمبر پلیٹ پر 5,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ رنگ روڈ پر موٹر سائیکل کے داخلے پر 5,000 روپے جبکہ پیدل سڑک عبور کرنے پر جرمانہ 200 سے بڑھا کر 1,000 روپے کر دیا گیا۔

موڑوے پولیس نے دوران چیکنگ کار سے مٹوی کو بازیاب کرالیا، تین افراد گرفتار

مٹوی کو گوجرانوالہ وزیر آباد سے اغوا کیا گیا تھا

مطابق وزیر آباد کے قریب دوران گشت موڑوے پولیس نے مشکوک آلٹو کار روک کر کرتے ہوئے افراد شدید تشدد کر کے مٹوی کو گوجرانوالہ سے اغوا کرنے کا اعتراف کیا۔ تفصیلات کے مطابق ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ تحصیلات کے

خانیوال، تھانہ صدر کے علاقے عمر شاہ سے ڈاکو بیوپاری سے ایک کروڑ کی ڈکیتی کرنے والے گرفتار

خانیوال (این این آئی) تھانہ صدر کے علاقے عمر شاہ سے ڈاکو بیوپاری سے ایک لاکھ میں عمرہ روپے لوٹ کر پولیس مقابلے میں گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیل کے مطابق ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ تحصیلات کے

Scanned with CamScanner

بقیہ نمبر 1

اور پاک سعودیہ حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ جہاد کا اعلان کرے قوم کا بچہ بچہ مکہ معاہدہ کے تحت حوثی باغیوں کے خلاف جہاد میں حصہ لیکر سعودیہ کی سرزمین کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کرکے دم لے گا مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سرپرست اعلیٰ خواجہ شاہد رزاق سکانے مزید کہا کہ حملہ آوروں اور انکی پشت پناہی کرنے والوں کو سعودیہ کی دن بدن ہونے والی ترقی سے تکلیف ہے اور وہ خطہ میں سعودیہ کو مزید طاقتور نہیں دیکھنا چاہتے اس موقع پر انجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے جنرل سیکرٹری شیخ سعید احمد، ڈپٹی سیکرٹری میاں ریاض شاہد، مرکزی تنظیم تاجران پاکستان وانجمن تاجران سٹی فیصل آباد کے نائب صدر و جائنٹ سیکرٹری اور کٹ پیس کلاتھ بورڈ ٹاٹا بازار فیکٹری ایریا کے سینئر وائس چیئرمین مرزا مظہر صدیق بیگ، فنانس سیکرٹری چوہدری اعجاز احمد، چوہدری اشرف گجر اور سینئر تاجر رہنماؤں نے کہا کہ سعودی عرب کی خود مختاری، سلامتی اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا قابل مذمت اور ناقابل قبول اقدام ہے۔ خواجہ شاہد رزاق سکا کی قیادت میں ملک بھر کی تاجر برادری سعودی عرب کے ولی عہد محمد بن سلمان کی قیادت اور سعودی عوام کے ساتھ بھر پور یکجہتی کا اظہار سعودی عرب کے دفاع، سلامتی اور حرمین الشریفین کے تحفظ کیلئے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ نمبر 2

آفس کمیڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق یہ بات وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے فاؤنڈرز گروپ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی جنہوں نے لاہور میں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی معاشی صورتحال، کاروبار اور تجارت کے فروغ، صنعتوں کو درپیش مسائل اور کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے ملکی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کاروباری برادری کے اہم کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت نجی شعبے کے ساتھ مل کر معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ ملاقات میں کاروبار اور صنعت کے فروغ، سرمایہ کاری میں اضافے اور تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ وفد نے وزیراعظم کو کاروباری برادری کو درپیش مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا۔ وفد نے حکومت کی معاشی پالیسیوں کی تعریف کی اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں کو سراہا۔ گفتگو کے دوران وفد نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کے بطور صدر چیمبر، چیمبر آف کامرس کے لئے خدمات کا بھی تذکرہ کیا۔ گفتگو کے دوران وزیراعظم شہباز شریف کا چیمبر کے بطور صدر دور کا بھی تذکرہ ہوا۔ ملاقات میں وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ اور وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک بھی موجود تھے۔ چیمبر کے وفد میں میاں مصباح الرحمٰن، فاروق افتخار، شیخ محمد آصف، شہزاد ملک، الماس حیدر، شاہد حسن شیخ، عبدالباسط، میاں طارق مصباح، کاشف انور شیخ اور میاں خالد مصباح شامل تھے۔

بقیہ نمبر 3

میں ایک مقام پر چھاپہ مارا گیا، جہاں مبینہ طور پر انتہائی خفیہ مواد تیار کرنے کا کام کیا جا رہا تھا۔ طارق نواز کے مطابق بھارتی خفیہ ایجنسی را کے ساتھ مل کر دہشت گرد تنظیم ٹی ٹی پی نے پاکستان کے مختلف شہروں میں ٹارگٹ کلنگ کی منصوبہ بندی کی تھی۔ ان کے مطابق گرفتار ملزمان سے دھماکہ خیز مواد، ٹائمر اور ریموٹ کنٹرول ڈیوائسز برآمد ہوئی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزمان کے قبضے سے 9 ایم ایم پستول، پانچ گولیاں، ایک لیپ ٹاپ اور آٹھ موبائل فونز برآمد ہوئے، موٹروے پولیس نے متوفی اور تینوں گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ صدر وزیرآباد پولیس کے حوالے کر دیا۔

بقیہ نمبر 47

کے مطابق خانیوال کے نواحی علاقہ 170 ٹن آر کالونی موڑ پے جانوروں کا بیوپاری محمد دانش جو کہ اپنی اسی جمع پونجی سے ایک دو جانور لے کے اپنا گھر چلاتا تھا اپنے گھر سے جانور خریدنے کے لیے رقم ایک لاکھ بیس ہزار لے کر گھر نکلا تھوڑی ہی دور گیا کہ نامعلوم ڈاکوں نے اس سے گن پوائنٹ پر نقدی اور موبائل چھین کر فرار ہو گئے ڈاکوں کے اس ظلم سے وہ اپنی جمع پونجی سے ہاتھ دھو بیٹھا اہل علاقہ کا ڈی پی او خانیوال سے کاروائی کا مطالبہ۔

بقیہ نمبر 48

حزب اختلاف ادارے کی عکاس ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو چاہیے کہ وہ دہشتگرد عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے اور پاکستان میں دراندازی روکنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے

بقیہ نمبر 34

دیا جائے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے منظوری دے دی

بقیہ نمبر 35

پہلے اجلاس میں پنجاب میں فلمی صنعت کی بحالی، جدید فلم سازی اور لاہور کو دوبارہ فلم انڈسٹری کا مرکز بنانے کے لیے اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر پنجاب میں بننے والی پنجابی فلموں کو 35، اردو فلموں کو 20 فیصد ریبیٹ دیا جائے گا، وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب اور پاکستان کا پہلا رائلٹی قانون بنانے کی منظوری دے دی جسے پنجاب فلم اتھارٹی کے اگلے اجلاس میں پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے فلم اینڈ میوزک اسکول، فلم ٹریڈنگ ہاس، پوسٹ پروڈکشن فیسلیٹی، اسٹوڈیو کمپلیکس، جدید ترین فلم اسٹوڈیوز، پاکستان کا سب سے بڑا کنونشن سینٹر بنانے کی بھی منظوری دے دی گئی۔ مالی سال 27-2026 کا فلم سٹی اتھارٹی کا 58 کروڑ 90 لاکھ روپے سے زائد کا بجٹ جائزہ کے لئے فنانسنگ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا، فلم سٹی اتھارٹی کی 53 آسامیوں پر، پہلے مرحلے میں 26 افراد بھرتی کرنے کی منظوری، بھرتیوں اور برطرفیوں کا اختیار بورڈ کے پاس ہوگا۔ اجلاس میں چھ مختلف کمیٹیوں کے قیام اور پنجاب فلم فنڈ کمیٹی تشکیل دینے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں پرانے سینما گھروں کی بحالی، سولر سسٹم کی تنصیب، اور عوام کو تفریح کی کم قیمت سہولیات کی فراہمی کی منظوری دی گئی

بقیہ نمبر 36

موٹر سائیکل کی آواز آئی۔ اس نے خوف کے باعث اپنی موٹر سائیکل کی رفتار بڑھانے کی کوشش کی تو پیچھے آنے والے پولیس اہلکاروں نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ایک گولی اس کی پیٹھ میں لگی۔

بقیہ نمبر 37

اہل پی جی کی تمام دکانیں کھولی جارہی ہیں جبکہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ اگلے روز مذاکراتی اجلاس بھی طے پا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ہڑتال کے دوران ضلعی انتظامیہ نے ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کو مذاکرات کے لیے پیرا اسٹیشن راوی روڈ بلایا۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات ناکام ہونے پر چیئرمین میاں اجمل کے خلاف کارسرکار میں مداخلت اور عدم تعاون کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے انہیں موقع پر گرفتار کرلیا گیا جبکہ ایسوسی ایشن کے دیگر عہدیداروں نے بھی گرفتاری دے دی۔ تاہم بعدازاں ایسوسی ایشن نے ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ دکانداروں کے مطابق وہ گیس پلانٹس سے ایل پی جی سستی قیمت پر ملنے کی صورت میں ہی صارفین کو سستی فروخت کرسکتے ہیں۔ دوسری جانب سپلائی متاثر ہونے سے ایل پی جی کی قلت پیدا ہوگئی ہے جس کی وجہ سے قیمت میں مزید اضافہ ہوگیا ہے۔ اوپن مارکیٹ میں مختلف مقامات پر ایل پی جی 600 روپے کلو تک بھی فروخت کی گئی۔

بقیہ نمبر 38

سے منافع بخش برآمدی صنعت میں تبدیل کیا جاسکتا ہے،

بقیہ نمبر 39

تاریخی و ثقافتی شناخت اور تنوع کیلئے سنگین خطرہ بن گئی ہیں، ثقافتی حقوق انسانی حقوق کا بنیادی حصہ ہیں، طالبان رجیم کو افغان معاشرے پر اپنا مخصوص نظریہ مسلط کرنیکا حق نہیں، طالبان رجیم نے ثقافتی روایات، فنون اور عوامی اجتماعات پر پابندیاں عائد کی ہیں، طالبان رجیم میں جہادی مدارس کے پھیلا سیا تنجا پسندی کے فروغ اور جامع تعلیم کی تباہی کا خدشہ ہے۔

بقیہ نمبر 40

میں تقریباً 60 ہزار رضا کاروں پر مشتمل شہری دفاعی نیٹ ورک قائم کرنا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق اس اقدام کی بنیاد بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کے یوم آزادی کے خطاب کو قرار دیا جارہا ہے۔ اس کا مقصد جدید نظاموں سے لیس شہری دفاع کے رضا کاروں کو ابھرتے ہوئے سیکورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار کرنا ہے۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف فائر سروسز، سول ڈیفنس اور ہوم گارڈز اس پائلٹ منصوبے پر عمل درآمد کریں گے۔ اس کے تحت بھارتی فوج شہری دفاع کے ماسٹر ٹرینرز کو خصوصی تربیت دے کر شہری دفاع کی تیاریوں کو مزید مضبوط بنائے گی۔ نومبر 2026 کے دوسرے ہفتے تک شہری دفاع کے 600 ماسٹر ٹرینرز یعنی ہر ریاست اور مرکز کے زیر انتظام علاقے سے 50 افراد تربیت حاصل کریں گے۔ اس مقصد کے لیے فوج کے مخصوص تربیتی مراکز میں تین روزہ خصوصی تربیتی پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کے علاوہ اس منصوبے میں پنجاب، راجستھان، گجرات، دہلی، میگھالیہ، سکم، آسام، اتر پردیش، کیرالہ، کرناٹک اور تامل ناڈو شامل ہیں۔ ہر ماسٹر ٹرینر کو اپنی متعلقہ ریاست یا مرکز کے زیر انتظام علاقے میں شہری دفاع کے 100 رضا کاروں کو تربیت دینا ہوگی جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 60 ہزار رضا کاروں کو تیار کیا جائے گا۔ اس اقدام کو پاکستان کے خلاف مئی 2025 جیسی ایک اور مہم جوئی کی تیاری کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ مئی 2025 کی جنگ میں ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنے کے بعد بھارت اب شہری دفاع کے نام پر شہری علاقوں کو عسکری رنگ دے رہا ہے، تاکہ مستقبل میں جارحیت کی تیاری کی جاسکے اور اپنی آبادی میں جنگی جنون کو ہوا دی جا سکے۔

بقیہ نمبر 41

کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ خواتین کو لاحاصل جنگ میں دھکیل کر فتنہ الہندوستان نے قبائلی روایات کی دھجیاں اڑا دی ہیں۔ رکن بلوچستان اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشتگردی کے پیچھے چھپے عناصر کو پہچانیں جو صوبے کے امن اور عوام کی عزت کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کی طرف سے خواتین کو دہشتگردی میں جھونکنے کی حکمت عملی قابل مذمت ہے۔ سمکیو رٹی فورسز کی موثر اور بروقت کارروائی نے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت تعلیم ہے، بچوں کو گمراہ پراپیگنڈا سے بچانے کے لیے تعلیم پر توجہ دینا ہوگی۔

بقیہ نمبر 42

حبیب الرحمن بٹ و دیگر نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ 15 نومبر کو مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس اپنی مثال آپ ہو گی جسمیں لاکھوں فرزندان توحید جمع ہو کر پاکستان کو صحیح معنوں میں اسلامیہ جمہوریہ پاکستان بنانے، فحاشی وعریانی کے خاتمے، غلبہ اسلام کی راہ کو ہموار کرنے، نوجوان نسل کو بے راہ روی سے بچا کر قرآن وحدیث کی اشاعت میں اہم کردار ادا کرنے، تحفظ حرمین شریفین و استحکام پاکستان کیلئے مرمٹنے کا عزم کرے گے۔ آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس زیر امارت سینیٹر ڈاکٹر حافظ عبد الکریم امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان منعقد ہوگی۔ کانفرنس میں اندرون و بیرون ممالک سے جید علما کرام، شیوخ حضرات، دانشور، سیاسی وسماجی شخصیات سمیت مرکزی جمعیت اہلحدیث و اہلحدیث یوتھ فورس پاکستان کے ذمہ داران خطابات فرمائے گے۔ خالد محمود اعظم آبادی کا مزید کہنا تھا کہ عالم اسلام اس وقت باہمی انتشار و افتراق کا شکار ہو کر عالم کفر کے ظلم وستم برداشت کرنے پر مجبور ہیں نام نہاد مسلمان اور کلمہ گو اپنے ہی قبلہ وکعبہ پر قبضہ کرنے کے مذموم خواب دیکھ رہا ہے قرآن وحدیث سے نا آشنائی کے سبب اغیار کے آلہ کار بن کر مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ پر چڑھائی کے منصوبے بنا کر اسلامی و ایمانی غیرت وحمیت کا جنازہ نکال رہے ہیں۔ حوثی باغیوں کا قلع وقمع وقت کی ضرورت اور ہر مسلمان کے دل کی پکار ہے حرمین شریفین کا تحفظ و دفاع ہمارے ایمان کا حصہ ہے مکہ معاہدہ کے تحت افواج پاکستان سعودی عرب اور ترکیہ کو چاہیے کہ حوثیوں کے خلاف معزترین کارروائی کر کے انہیں جہنم واصل کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ نمبر 43

اقدامات کو دنیا بھر میں سراہا جارہا ہے جبکہ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منصوبوں پر توجہ دینا خوش آئند ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور دیگر بنیادی سہولیات کے شعبوں میں بہترین اقدامات کئے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کی ترقی کے لیے موثر منصوبہ بندی، وسائل کا درست استعمال اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل ضروری ہے۔ حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے ثمرات عام آدمی تک باآسانی پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ)ن (کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت اور ملک وصوبے کی ترقی ہے۔

بقیہ نمبر 44

داروں کے ساتھ ہم نے کان کئی، معدنیات، زراعت، کوئلہ، ٹیکسٹائل، ہاسنگ، ایس ایم ایز، فارماسیوٹیکل، پانی اور بجلی کے بنیادی ڈھانچے میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری بارے تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ نمبر 45

طلبہ کے ب فارم نمبرز کا اندراج مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے احکامات دیئے گئے ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ ب فارم نمبرز کی نادرا سے تصدیق ہوگی اور غلط اندراج کی صورت میں نادرا کو ادا کیے جانے والے اخراجات متعلقہ سکول سربراہ خود برداشت کرے گا۔ مزید کہا گیا ہے کہ ب فارم موجود نہ ہونے پر بچے کے والد کا شناختی کارڈ نمبر ایس آئی ایس میں درج کیا جائے۔ ہدایات میں داخلہ روکنے پر پابندی عائد کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ب فارم نہ ہونے کی وجہ سے کسی بچے کو سکول میں داخلے سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔ سکول سربراہان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر طلبہ کا ریکارڈ چیک کریں اور 10 دن کے اندر اندراج مکمل کرنا یقینی بنائیں۔

بقیہ نمبر 46

کے قریب اے ٹی ایم سے رقم نکلوانے کے دوران اغوا کیا گیا تھا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 9 ایم ایم پستول، پانچ گولیاں، ایک لیپ ٹاپ اور آٹھ موبائل فونز برآمد ہوئے، موٹروے پولیس نے متوفی اور تینوں گرفتار ملزمان کو مزید قانونی کارروائی کے لیے تھانہ صدر وزیرآباد پولیس کے حوالے کردیا۔

بقیہ نمبر 47

کے مطابق خانیوال کے نواحی علاقہ 170 ٹن آر کالونی موڑ پے جانوروں کا بیوپاری محمد دانش جو کہ اپنی اسی جمع پونجی سے ایک دو جانور لے کے اپنا گھر چلاتا تھا اپنے گھر سے جانور خریدنے کے لیے رقم ایک لاکھ بیس ہزار لے کر گھر نکلا تھوڑی ہی دور گیا کہ نامعلوم ڈاکوں نے اس سے گن پوائنٹ پر نقدی اور موبائل چھین کر فرار ہو گئے ڈاکوں کے اس ظلم سے وہ اپنی جمع پونجی سے ہاتھ دھو بیٹھا اہل علاقہ کا ڈی پی او خانیوال سے کاروائی کا مطالبہ۔

بقیہ نمبر 48

حزب اختلاف ادارے کی عکاس ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو چاہیے کہ وہ دہشتگرد عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرے اور پاکستان میں دراندازی روکنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے

بقیہ نمبر 22

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب /نائب تحصیلدار صاحب /اے ڈی ایل آ رصاحب تحصیل جھنگ
تصدیق انتقال وارثت موضع سمی سردار تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی محمد اسحٰق ولد شیر محمد کے وارثان میں شیر محمد والد پہلے فوت شد، صاحب بی بی والدہ زندہ انور بی بی بیوہ زندہ، عنصر پروین بیوہ زندہ، محمد عبداللہ، عبدالنان، عبدالواسع پسران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کردیا جائے گا

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب /نائب تحصیلدار صاحب /اے ڈی ایل آ رصاحب تحصیل جھنگ
تصدیق انتقال وارثت موضع حسام تحصیل وضلع جھنگ ہرگاہ عوام الناس مطلع ہوں کہ متوفی احمد حیات ولد سردار کے وارثان میں سردار، بکھاں بی بی والدین پہلے فوت شد، خاتوں بی بی بیوہ زندہ، محمد اشرف، محمد افضل، محمد اعظم پسران زندہ ہیں کوئی دیگر وارث ہو تو اندر 7 یوم پیش عدالت ہوں ورنہ انتقال تصدیق کردیا جائے گا 171

بقیہ نمبر 6

نے سکھز ہیلتھ کیئر کے عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان، سکھز ہیلتھ ڈویژن جیسے اداروں کی جانب سے جرمنی کے صنعتی، تکنیکی اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔

بقیہ نمبر 7

میں تکنیکی اور کمرشل نقصانات پر قابو پانے کے لیے مسلسل کوششوں کی عکاسی کرتے ہیں۔ کمپنی نے فیلڈ فارمیشنز کی مربوط کارروائیوں، مسلسل نگرانی اور مؤثر مالیاتی کنٹرول کے ذریعے ریکوری کے شعبے میں بھی اپنی کارکردگی برقرار رکھی۔ مستقل منقطع کنکشنوں کے نادہندگان کے ذمہ واجبات میں ستمبر 2025 کے مقابلے میں 226.85 ملین روپے کی کمی ہوئی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے ان نتائج پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی کی کارکردگی مؤثر مالیاتی انتظام، بہتر آپریشنل نگرانی اور ملازمین کی اجتماعی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کمپنی کے اہداف کے حصول میں انتظامیہ، افسران اور فیلڈ سٹاف کی لگن، پیشہ ورانہ مہارت اور ٹیم ورک کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ لائن لاسز میں کمی، واجبات کی وصولی، آپریشنل کارکردگی، شفافیت اور صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیحات رہیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کمپنی ان کامیابیوں کو برقرار رکھنے اور کارکردگی و خدمات کے معیار میں پائیدار بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 8

دینی تربیت اور معاشرے میں اخوت و بھائی چارے کے فروغ پر زور دیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی حیات مبارکہ پوری انسانیت کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے زندگی کے تمام شعبوں میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں معاشرتی مسائل، اخلاقی زوال اور باہمی اختلافات کے خاتمے کے لیے سیرت طیبہ ﷺ سے رہنمائی حاصل کرنا ناگزیر ہے۔ امت مسلمہ کو چاہیے کہ وہ اپنے کردار، معاملات اور معاشرتی رویوں میں اسلامی تعلیمات کو عملی طور پر اپنائے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، اس لیے ان کی دینی، اخلاقی اور فکری تربیت پر خصوصی توجہ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ والدین، اساتذہ، علما کرام اور دینی اداروں کو مل کر نوجوان نسل میں محبت رسول ﷺ، احترام انسانیت، سچائی، دیانت داری، خدمت خلق اور ذمہ داری کا احساس اجاگر کرنا چاہیے۔ مقررین کے مطابق قرآن وسنت کی تعلیمات سے وابستگی ہی ایک مضبوط، پرامن اور باکردار معاشرے کی بنیاد ہے۔ کانفرنس کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ معاشرے میں اتحاد و اتفاق، برداشت اور رواداری کو فروغ دیا جائے اور اختلافات کو باہمی احترام اور حکمت کے ساتھ حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ دینی اجتماعات کا بنیادی مقصد عوام میں دینی شعور بیدار کرنا، اسلامی اقدار کو مضبوط بنانا اور نئی نسل کو دین کی حقیقی تعلیمات سے روشناس کرانا ہے۔ مقررین نے مزید کہا کہ نور نبوت کانفرنس جیسی تقریبات محبت رسول ﷺ کے پیغام کو عام کرنے اور معاشرے کی اصلاح میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ سیرت نبوی ﷺ کے پیغام کو صرف اجتماعات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی زندگی کا حصہ بنایا جائے تاکہ معاشرے میں امن، محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کی فضا قائم ہوسکے۔

بقیہ نمبر 9

ای ایم آئی کی رونمائی کردی۔ لانچ کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بیسٹ وے گروپ کے منیجنگ ڈائریکٹر عرفان محمد شیخ نے کہا کہ بیسٹ وے آٹوموٹیو پاکستان میں گیلی کی واحد مجاز ڈسٹری بیوٹر ہے۔ گروپ کے مطابق یہ لانچ ملک میں بیسٹ وے کی طویل مدتی سرمایہ کاری پورٹ فولیو کی اسٹریٹجک توسیع کے طور پر آٹوموٹیو سیکٹر میں اس کے داخلے کی نشاندہی کرتا ہے۔ نیو انرجی وہیکلز متبادل ایندھن والی گاڑیاں ہیں جو روایتی انٹرنل کمبشن انجن کے بجائے بنیادی یا مکمل طور پر الیکٹرک پاور پر انحصار کرتی ہیں۔ کمپنی ابتدائی طور پر امپورٹڈ یونٹس کے ساتھ لانچ کرے گی جبکہ کراچی میں پورٹ قاسم میں اپنی 24.71 ایکڑ پر مشتمل فیسلٹی کو کمپلیٹلی ناکڈ ڈاؤن اسمبلی کے لیے تیار کر رہی ہے۔ پلانٹ میں 403,000 مربع فٹ سے زیادہ کورڈ اسپیس ہے اور سالانہ 25,000 گاڑیاں اسمبل کرنے کی موجودہ صلاحیت ہے۔ بیسٹ وے کا ہدف ہے کہ اگلے سال تک مقامی طور پر اسمبل شدہ گیلی گاڑیاں سڑکوں پر ہوں گی۔ ملکیت کے حوالے سے، بیسٹ وے نے ملک گیر ڈیلر شپ نیٹ ورک، گاڑی کے لیے 6 سال 150,000 کلومیٹر تک وارنٹی اور بیٹری اور موٹر کے لیے 8 سال کی وارنٹی، آن لائن بکنگ، یو بی ایل کے ذریعے فنانسنگ اور بیسٹ وے ریونیو ایبل ٹیکنالوجیز کے ذریعے ملک گیر ای وی چارجنگ نیٹ ورک کے منصوبوں کا اعلان کیا ہے۔ بیسٹ وے سیمنٹ اس وقت 115 میگاواٹ کی کیپٹو سولر صلاحیت چلا رہا ہے۔ بیان کے مطابق قیمتوں، بکنگ کی تاریخوں اور حتمی تفصیلات کا اعلان آفیشل چینلز کے ذریعے کیا جائے گا۔ پاکستان میں کاروں کی فروخت میں مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی میں سال بہ سال 43 فیصد اضافہ ہوا جس کی وجہ تجربہ کاروں نے بہتر ہوتے میکرو اکنامک ماحول کو قرار دیا جس نے گاڑیوں کی طلب کو بڑھایا۔ بیسٹ وے کی بنیاد سنہ 1976 میں لندن میں ایک رینٹل بزنس کے طور پر رکھی گئی تھی۔ اب یہ ہول سیل، سیمنٹ، بینکنگ، قابل تجدید توانائی اور دیگر شعبوں میں 63,000 سے زائد افراد کو ملازمت دیتا ہے جس کی سالانہ آمدنی 7.9 بلین ڈالر ہے۔

بقیہ نمبر 10

انداز اور خوبصورت آواز میں ہدیہ نعت پیش کر کے حاضری کا شرف حاصل کیا اور شرکائے محفل کے قلوب کو ایمان کی حلاوت سے منور کیا۔ تقریب سے معروف اور جید خطیب سید محمد علی شاہ نجم نے خصوصی خطاب کیا۔ انہوں نے سیرت طیبہ، اسوہ حسنہ اور تعالیم اسلامی کے مختلف گوشوں پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے حاضرین کو اتحاد، اخلاق اور سنت نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونے کی تاکید کی۔ ان کے دلاویز اور پر تاثیر خطاب نے پنڈال پر ایک سحر طاری کر دیا۔ محفل کے اختتام پر صدر محفل رضوان حسین رحمانی اور دیگر انتظامیہ محمد اصغر، غلام فرید، تنویر حسین، رضوان اکرم، قربان علی، محمد شہزاد، حیدر علی، محمد وسیم، آصف تاج، محمد رمضان، عباس علی، محمد زید، حیدر علی نے مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ بعدازاں ملک وملت کی سلامتی، استحکام اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے رقت انگیز دعا مانگی گئی۔ تقریب میں علاقائی معززین اور کثیر تعداد میں عاشقانِ رسول نے شرکت کی اور شاندار انتظامات پر انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی۔

بقیہ نمبر 11

پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹرز انویسٹی گیشن، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور ریجنل آفیسرز نے شرکت کی۔ اس موقع پر متعلقہ افسران نے صوبائی محتسب کو زیر کارروائی مقدمات، ان کی موجودہ صورتحال اور تحقیقات میں ہونے والی پیش رفت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی محتسب سعادت اللہ خان بازئی نے مقدمات کی موثر پیروی، عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور دفتری امور میں مزید بہتری کے حوالے سے افسران سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ عوامی شکایات کو قانون اور میرٹ کے مطابق نمٹانے، شفافیت یقینی بنانے اور سائلین کو بروقت انصاف کی فراہمی کے لیے تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مستعدی اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں۔ اجلاس کے دوران مقدمات کی پیش رفت اور صوبائی محتسب سیکرٹریٹ کی مجموعی کارکردگی کو مزید موثر بنانے کے لیے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 12

مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ اور مدینہ ہماری طرح ہر مومن کی عقیدتوں اور ایمان کا حصہ ہے حوثی باغی اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں انہوں نے کہا پاکستان کی تاجر برادری حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع کیلئے ہر طرح کی قربانی دینے کو تیار ہے مکہ مکرمہ کی فضائی حدود میں داخل ہونے والے ڈرون کی وجہ سے پوری امت مسلمہ میں تشویش اور غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ مکہ معاہدہ کے تحت حوثی باغیوں کے خلاف بلا تفریق مؤثر ترین کارروائی کر کے پاک سرزمین کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کرے۔

بقیہ نمبر 13

ترقی اور استحکام کے لیے اداروں کے ساتھ کھڑی ہیں ادارے مضبوط ہوں گے تو ملک مضبوط ہوگا، جب بھی قوم پر مشکل آئی تب پاک فوج نے قوم کی مدد کی، انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا کسی صورت قبول نہیں ملک دشمن قوتیں کسی بھی طرح سے پاکستان کا امن تباہ کرنا چاہتی ہیں، دشمن عناصر دفاعی اداروں کے خلاف ہرزہ سرائی اور نفرت پھیلانا چاہتے ہیں، افواج پاکستان کی بدولت قوم اس سرزمین پر خود کو آزاد اور محفوظ سمجھتی ہے، انہوں نے کہا کہ تاجر برادری نے ہر دور میں ملکی ترقی کے لیئے کردار ادا کیا ہے تاجر کسی بھی معاشرے کی خوشحالی کے لیئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، حکومت تاجروں کو سہولیات فراہم کرے تا کہ موجودہ بحرانوں سے نجات حاصل کی جاسکے۔

بقیہ نمبر 14

گھریلو صارفین کے ہوش اڑ کر رکھ دیے ہیں بجلی و گیس کے بلوں سے بڑا پریشان ہے پیپلز پارٹی بیگم نصرت بھٹو کی شاندار جمہوری خدمت کو سلام پیش کرتی ہے، ڈیل کر کے ملک میں آنے والے میاں نواز شریف کی طرح ڈر کے بھاگی نہیں۔ پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر این اے 95 سردار عثمان نواز باجوہ، تحصیل صدر پی پی پی جھمرہ سردار علی نواز باجوہ نے کہا کہ بھٹو خاندان نے ملک میں ٹکراؤ کی روش اپنانے کی بجائے برداشت کے کلچر کو عام کیا ضیائی آمریت کے بدترین ظلم تشدد کا

حرمین شریفین کے دفاع کیلئے ہر قربانی دیں گے، شاہد رزاق سکا

ملک بھر کی تاجر برادری حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع کے لئے ہر طرح کی قربانی دینے کو تیار ہے

سعودی عرب کی خود مختاری، سلامتی اور شہری تنصیبات کو نشانہ بنانا قابل مذمت اور ناقابل قبول اقدام ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے سرپرست اعلیٰ وصدر انجمن تاجران سٹی فیصل آباد خواجہ شاہد رزاق سکا نے اپنی رہائش گاہ پر تجار داری کیلئے آنیوالے جنرل سیکرٹری شیخ سعید احمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری میاں ریاض شاہد، چیئرمین مرزا اشرف مغل اور دیگر سینئر رہنماؤں سے ملاقات کرتے ہوئے سعودی عرب کے بن خالد ایئر پورٹ، دامام کے ایئر پورٹ اور دو حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ اور مدینہ منورہ پر میزائل پھینکنے کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مکہ اور مدینہ ہماری عقیدتوں کا مرکز اور ان سے پیار و محبت ہماری طرح ہر مومن کے ایمان کا حصہ ہے۔ حوثی باغی اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں۔ ملک بھر کی تاجر برادری حرمین شریفین کے تحفظ و دفاع کے لئے ہر طرح کی قربانی دینے کو تیار ہے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 1)

فیسکو کا پہلی سہ ماہی میں 17.4 ارب روپے منافع

کمپنی کی کارکردگی مؤثر مالیاتی انتظام، بہتر آپریشنل نگرانی اور ملازمین کی اجتماعی کاوشوں کا نتیجہ ہے، محمد عامر

لائن لاسز میں کمی، واجبات کی وصولی، آپریشنل کارکردگی، شفافیت اور صارفین کو بہتر خدمات کی فراہمی فیسکو کی اولین ترجیحات رہیں گی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر محمد عامر کی رہنمائی میں فیسکو نے مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی نیپرا کے مقرر کردہ مالیاتی اور آپریشنل اہداف حاصل کرتے ہوئے 17.4 ارب روپے منافع حاصل کیا جس میں ماہ ستمبر 2026 کا 12.5 ارب روپے منافع بھی شامل ہے۔ اس دوران کمپنی کی آپریشنل کارکردگی میں بھی نمایاں بہتری آئی۔ آپریشنل کارکردگی، مالیاتی نظم وضبط اور ٹیم کی کارکردگی پاکستان کے بجلی کی تقسیم کے شعبے میں فیسکو کی نمایاں حیثیت کو مزید مستحکم کر رہی ہے۔ کمپنی کے کارکردگی اعداد و شمار کے مطابق ماہانہ لائن لاسز نیپرا کے مقررہ ہدف 5.97 فیصد کے مقابلے میں 2.39 فیصد رہے، جو مقررہ ہدف سے 3.58 فیصد کم ہیں۔ فیسکو نے ستمبر 2026 تک نیپرا کا پروگریسو لائن لاسز کا 8.7 فیصد کا ہدف بھی حاصل کیا۔ یہ نتائج تقسیمی نظام (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

صدر آصف علی زرداری سے سیمنز ہیلتھ کمپنی کے وفد کی ملاقات

پاکستان میں صحت کے شعبے میں تعاون کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے سیمنز کی دلچسپی کا خیر مقدم



برلن (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان میں صحت کی خدمات کو نمایاں طور پر بہتر بنانے کے لیے تحقیق پر مبنی اور جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ حل اپنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق ان خیالات کا اظہار صدر آصف علی زرداری سیمنز کے ایگزیکٹو نائب صدر ڈینیل فریش اور سیمنز کے شعب حکومتی امور کی سربراہ ویرونیکا فسلر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں برلن میں ان سے ملاقات کی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

نصرت بیگم کی جمہوریت کیلئے جدوجہد ناقابل فراموش باب، سردار عمران

قید و بند کی صعوبتوں اور ریاستی جبر کے باوجود انہوں نے جمہوری جدوجہد سے پیچھے ہٹنے سے انکار کیا



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی سٹی کے نوجوان رہنما سردار عمران نے مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی جمہوریت کے لئے جدوجہد، آمریت کے خلاف مزاحمت اور بے مثال قربانیاں ملک کی سیاسی تاریخ کا روشن باب ہیں جو آج بھی جمہوریت پسندوں کے لئے مشعل راہ ہیں۔ سردار عمران نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے آمریت کے خلاف جرات مندانہ مزاحمت کر کے جمہوری تاریخ میں ناقابل فراموش کردار ادا کیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)

وزیراعظم شہباز شریف سے لاہور چیمبر کے فاؤنڈرز گروپ کے وفد کی ملاقات، کاروباری برادری کو درپیش مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا

لاہور (این این آئی) زیراعظم شہباز شریف نے ملکی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کاروباری برادری کے اہم کردار کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت نجی شعبے کے ساتھ مل کر معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروبار کے لئے سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ وزیراعظم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کا فیصلہ پارلیمنٹ میں اتفاق رائے کے بعد ہوگا، پرویز رشید

موسمی حالات، رمضان کی وجہ سے بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کی درخواست کی گئی، سینیٹر (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر پرویز رشید نے کہا ہے کہ نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کا فیصلہ پارلیمنٹ میں اتفاق رائے کے بعد ہوگا، پنجاب کے پسماندہ اضلاع میں بھی لاہور جیسی ترقی ہو رہی ہے، چھوٹے اضلاع میں بھی گرین الیکٹرک بسیں چل رہی ہیں۔ اپنے بیان میں پرویز رشید نے کہا کہ پنجاب حکومت بلدیاتی الیکشن کے انعقاد سے نہیں بھاگ رہی، موسمی حالات اور رمضان کی وجہ سے بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کی درخواست کی گئی ہے۔ اپنے بیان میں پرویز رشید نے کہا کہ پنجاب حکومت بلدیاتی الیکشن کے انعقاد سے نہیں بھاگ رہی، موسمی حالات اور رمضان کی وجہ سے بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کی درخواست کی گئی ہے۔



فیصل آباد۔ ڈائریکٹر پیٹم کینسر ہسپتال ڈاکٹر حافظ خوش نصیب احمد لغاری، ڈاکٹر اصغر بٹ، ڈاکٹر اعجاز خان، ڈاکٹر سائرہ ظفر، ڈاکٹر نعیم، ڈاکٹر راجعہ تنویر، پروفیسر ڈاکٹر سائرہ سلیم و دیگر بریسٹ کینسر سے آگاہی کے لئے منعقدہ واک میں شریک ہیں

چینی کار ساز کمپنی گیلی بذریعہ بیسٹ وے گروپ پاکستان میں داخل، 3 نئی انرجی گاڑیاں متعارف

اسلام آباد (این این آئی) بیسٹ وے گروپ نے پاکستانی مارکیٹ میں چینی ادارے گیلی آٹو گروپ کو لانچ کرتے ہوئے 3 نئی انرجی گاڑیوں کمپیکٹ الیکٹرک ایچ بیک گیلی ای ایکس 2، الیکٹرک ایس یو وی گیلی ای ایکس 5 اور پلگ ان ہائبرڈ ایس یو وی گیلی سٹارے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

صوبائی محتسب بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس، زیر التوا شکایات اور مقدمات کی پیش رفت کا جائزہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی محتسب بلوچستان سعادت اللہ خان بازئی کی زیر صدارت صوبائی محتسب سیکرٹریٹ کے مرکزی دفتر کوئٹہ میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف زیر سماعت اور زیر التوا شکایات و مقدمات پر ہونے والی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار کی زیر صدارت فالواپ کمیٹی کا اجلاس

آئندہ سال پاکستان میں ہونے والے انسدادی تعاون تنظیم کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا



اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت فالواپ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں 2027 میں پاکستان کی میزبانی میں منعقد ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس (ایس سی او ایس سی ایچ ایس) کے مقام اور رہائش کے انتظامات سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے سربراہی اجلاس کے مجوزہ مقام پر تیاریوں اور پیش رفت کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)



فیصل آباد: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی فیصل آباد آمد کے موقع پر پولیس بٹ کشمیری و دیگر افراد استقبال کر رہے ہیں

کراچی، این سی سی آئی اے کی کارروائی، ایکسپائرڈ خشک مواد بنانے والے بلیک میلنگ میں ملوث 13 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) این سی سی آئی اے نے کراچی میں کارروائی کے دوران بچوں کی ایکسپائرڈ پورٹو کرافی میں ملوث 13 ملزمان کو گرفتار کر کے 12 بچوں کو بازیاب کرالیا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر این سی سی آئی اے طارق نواز نے بتایا کہ دو روز قبل گلستان جوہر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)

جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے دنیا کو گلوبل ویلیج میں تبدیل کر دیا ہے، جعفر خان مندوخیل

انسانوں کے درمیان طویل فاصلے سمٹ گئے ہیں اور ہر قسم کی معلومات صرف ایک کلک پر دستیاب ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے عالمی یوم ترقیاتی معلومات کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بنی نوع انسان نے انسانی تاریخ میں تین بڑی انقلابات زرعی انقلاب، صنعتی انقلاب اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے انقلاب کا سفر طے کیا ہے۔ ان انقلابات نے انسانی زندگی، سوشل اسٹرکچر، معیشت اور سیاسی روابط پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں تاہم جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے دنیا کو ایک گلوبل ویلیج میں تبدیل کر دیا ہے، انسانوں کے درمیان طویل فاصلے سمٹ گئے ہیں اور ہر قسم کی معلومات صرف ایک کلک پر دستیاب ہے۔



فیصل آباد 19 ویں سالانہ محفل میلاد ﷺ زیر صدارت محمد شاہد چشتی مکہ مارکیٹ گلی نمبر ستیانہ روڈ جھال میں محمد خاور عظیم، طاہر محمود صابری، محمد ابوبکر شاہد چشتی، محمد اسامہ مدنی، محمد طیب، محمد جنید، رانا عبدالحبیب ٹیپو، عامر سلطانی، محمد عارف، حفیظ بنالوی، عمران چشتی، میاں اشرف، نعمان خان، محمد خلیل، ملک اسلم، محمد محمود، محمد کاشف و دیگر شریک ہیں

نور نبوت کانفرنس میں سیرت نبوی ﷺ پر عمل کرنے پر زور

مقررین کا نوجوان نسل کی دینی تربیت، اسلامی تعلیمات کے فروغ اور معاشرے میں اتحاد و بھائی چارے کا پیغام

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) مرکز اہل بیت جامع مسجد سیدہ علی المرتضیٰ اہل حدیث، مرضی پورہ فیصل آباد میں منعقدہ نور نبوت کانفرنس سے ممتاز مذہبی و سماجی شخصیات حافظ قیم الٰہی ظہیر، مولانا محمد اسماعیل عتیق، حکیم سعید احمد سعید، ڈاکٹر طاہر صدق، عبدالصمد معاذ، رانا منیر احمد خاں، الیاس مدنی، احمد حسن ساجد، چوہدری عرفان طور، قاری محمد شاکر، رانا علی حسن، قاری محمود الحسن ساقی، مولانا سردار عابد، حبیب الرحمٰن مدنپوری، افتخار احمد فراز، ابوبکر جمیل، خلیل دیو اور حافظ سعد حسنین سمیت دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ مقررین نے سیرت نبویؐ کی اہمیت، اسلامی تعلیمات کے فروغ، نوجوان نسل کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

رسول نگر میں گیارہویں سالانہ محفلِ ثنائے مصطفیٰ کا انعقاد

سید محمد علی شاہ نجم کا سیرت نبویؐ پر خطاب، ملک و ملت کیلئے دعا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) عشق رسول اور محبت اہل بیت کا مظہر، عاشقان رسول کا ایک روح پرور اجتماع، انجمن غلامان رسول چک نمبر 192 رسول نگر کے زیر اہتمام گیارہویں سالانہ عظیم الشان "محفلِ ثنائے مصطفیٰ" انتہائی عقیدت و احترام اور تزک و احتشام کے ساتھ منعقد ہوئی۔ اس باوقار اور پرنور تقریب کی صدارت رضوان حسین رحمانی نے کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کے بعد بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں گلہائے عقیدت پیش کرنے کا سلسلہ شروع ہوا۔ محفل میں ملک اور علاقے کے نامور نعت خواں حضرات نے اپنے مخصوص (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)

تاجر برداری ملکی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے، ملک مجد سلیمان

دشمن عناصر دفاعی اداروں کے خلاف ہرزہ سرائی اور نفرت پھیلانا چاہتے ہیں



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق سیکرٹری فنانس انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی ملک مجد سلیمان نے کہا ہے کہ تاجر برداری کل بھی اپنی افواج کے ساتھ تھی اور آج بھی اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پاک فوج ہمارا قومی ادارہ ہے اس کا احترام ہر شہری پر لازم ہے، فوج ہے تو ملک بھی ہے، انہوں نے کہا کہ تاجر برداری ملکی ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے مسلح افواج کی ملک و قوم کے لیے قربانیاں لازوال ہیں، تاجر تنظیمیں ملکی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

مکہ اور مدینہ ہماری طرح ہر مومن کی عقیدتوں اور ایمان کا حصہ ہے

حوثی باغی اور ان کی پشت پناہی کرنے والوں کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں، اسلم بھلی



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق نائب صدر، سپریم انجمن تاجران و کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن گول کریانہ بازار کے صدر حاجی محمد اسلم بھلی، پوری ٹیم کی جانب سے سعودی عرب کے بن خالد ایئر پورٹ، دامام کے ایئر پورٹ اور دو حوثی باغیوں کی جانب سے مکہ مکرمہ پر میزائل پھینکنے اور مدینہ منورہ پر حوثی ملیشیاء کے حملوں کی شدید الفاظ میں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

بیگم نصرت بھٹو کی جمہوری خدمات ناقابل فراموش ہیں، ڈاکٹر ارشاد کمبوہ

ضیائی آمریت کے خلاف ان کی جدوجہد جمہوریت پسند خواتین کیلئے روشن مثال ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی یورپ کے مرکزی صدر ڈاکٹر ارشاد کمبوہ نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کی بقا اور بدنام زمانہ ڈکٹیٹر جنرل ضیاء کی بدترین آمریت کے خلاف عظیم جمہوری جدوجہد کی ہے جو آج بھی پارٹی کارکنوں اور سیاسی جماعتوں کی خواتین کیلئے ایک روشن مثال ہے ضیائی آمریت کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے والی بیگم نصرت بھٹو واقعی عظیم عوامی لیڈر تھیں۔ عوامی و جمہوری آئرن لیڈی خاتون اول بیگم نصرت بھٹو کی قومی وملی و جمہوری خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ جو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 22)

گندم کی درآمد کسانوں کے ساتھ ناانصافی ہے، زاہد توصیف

حکومت فوری گندم خریداری پالیسی اور امدادی نرخ مقرر کرے، کسانوں کو ریلیف دینے کا مطالبہ

اربوں ڈالر کی گندم کی درآمد نہ صرف کسانوں کے زخموں پر نمک کے چھڑکنے کے مترادف ہے بلکہ اس اقدام سے حکومتی نااہلی مکمل کر سامنے آگئی ہے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سینئر سیاستدان رانا زاہد توصیف نے کہا ہے کہ پاکستان زرعی ملک ہونے کے باوجود گندم کی درآمد ناقابل فہم اور باعث تشویش ہے۔ پہلے غلط حکمت عملی سے اپنے کسان کو نظر انداز کیا گیا اور اب اگلے ماہ تین مراحل میں 3 نومبر، 5 نومبر اور 9 نومبر کو اربوں ڈالر کی غیر ملکی گندم کے بحری جہاز پاکستان پہنچیں گے۔ حالانکہ پہلے کسان سے گندم خریداری میں جیل وجہ سے کام لیا گیا اور من مانیاں ایسی اختیار کی گ ء۔ جس کے باعث ہمارے کسان "رل" گئے۔ اور انتہائی سستے داموں گندم فروخت کرنے پر مجبور ہوئے۔ حتیٰ کہ گندم وافر اور سستی ہونے کے باعث جانوروں کے چارہ کے طور پر استعمال کی گ ء انہوں نے کہا کہ ہر سال کسان کے ساتھ ظلم ہوتا ہے اور اسے اس قدر برباد کیا جاتا ہے کہ وہ گھر کے برتن تک فروخت کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ اس ملک میں حکومت نام کی کوئی چیز نہیں اور حکومتی من مانیوں پر کوئی پوچھنے والا نہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ حکومت کسانوں سے گندم خریداری کے ضمن میں موثر پالیسی اختیار کرتی۔ اگر کوئی مجبوری تھی تو بینکوں کے ذریعے گندم خرید لی جاتی اور یا کچھ مدت کے لیے گندم کے کسان کے پاس ہی رہنے دی جاتی تاکہ کسان کے گھروں میں خوشحالی آتی اور زرعی شعبہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 23)

عوام کے جان و مال اور عزت و آبرو بھی غیر محفوظ ہو چکے ہیں

تاجر برادری اور عام شہری ڈاکوں چوروں اور راہ زنوں کے نرغے میں ہے، میاں زاہد اسلم



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) چیمبر آف کامرس کے سابق صدر میاں زاہد اسلم نے کہا ہے کہ عوام کے جان و مال اور عزت و آبرو بھی غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ تاجر برادری اور عام شہری ڈاکوں چوروں اور راہ زنوں کے نرغے میں ہے پنجاب پولیس جرائم پر قابو پانے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے عوام جائیں تو جائیں کہاں اور کس سے داد فریاد کریں پاکستان کا تیسرا بڑا شہر تر قیاتی اور اقتصادی طور پر بحرانوں کی زد میں آچکا ہے۔ شہری اپنی عزت، جان و مال اور کاروبار سے پریشان ہیں فیصل آباد کے شہری چوری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 21)



فیصل آباد۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل عمران رضا قرآنی خطاطی تیار کرنے والوں میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

فیصل آباد میں جعلی کال سنٹر پر چھاپہ، 16 ملزمان گرفتار

برطانوی شہریوں سے آن لائن فراڈ کا انکشاف، کمپیوٹرز اور دیگر سامان برآمد

فیصل آباد (آن لائن) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی نے کوہ نور سٹی کے قریب جعلی کال سنٹر پر چھاپہ مار کر انٹرنیٹ اور جعلسازی کے ذریعے برطانوی شہریوں کو آن لائن فراڈ کا نشانہ بنانے والے 16 افراد کو گرفتار کر لیا، ان کے قبضہ سے 18 کمپیوٹرز، 4 لیپ ٹاپ، 4 موبائل فونز، پی او ایس مشین، جعلی ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر سامان برآمد کر کے بازیاپس شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق این سی سی آئی اے اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجاز کی ہدایت پر ٹیم نے کوہ نور سٹی کے قریب کال سنٹر کی آڑ میں آن لائن فراڈ میں ملوث سنٹر پر کارروائی کرتے ہوئے 16 افراد کو حراست میں لیکر لیپ ٹاپ، کمپیوٹرز اور دیگر سامان قبضہ میں لے لیا۔ بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ کال سنٹر پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 20)

بیرسٹر گوہر نے خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کے تنظیمی امور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا

پارٹی کے موجودہ تنظیمی ڈھانچے میں تاحکم ثانی کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر خان نے خیبر پختونخوا میں پارٹی کے تنظیمی امور سے متعلق اہم نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ جاری اعلامیے کے مطابق جنید اکبر خان بدستور صوبائی صدر رہیں گے، ان کی عدم موجودگی میں سینیٹر نورالحق قادری پارٹی اجلاس کی صدارت کریں گے اور آئین کے مطابق اپنے فرائض انجام دیں گے۔ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا کے جنرل سیکریٹری علی اصغر خان اس دوران تمام تنظیمی امور کی مجموعی نگرانی کریں گے۔ نوٹیفکیشن میں واضح کیا گیا ہے کہ پارٹی کے موجودہ تنظیمی ڈھانچے میں تاحکم ثانی کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

پاک افغان، ایران سرحدوں کی بندش، شاہراہوں پر ناکوں نے عوام کیلئے تجارت، روزگار، آزادانہ نقل و حرکت محال بنا دی ہے، سینیٹر سراج الحق

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ بلوچستان میں پاک افغان اور ایران سرحدوں کی بندش، شاہراہوں پر ناکوں اور سخت چیکنگ نے عوام کے لیے تجارت، روزگار اور آزادانہ نقل و حرکت کرنا محال بنا دیا گیا ہے۔

نابینا افراد معاشرے کا برابر کا حصہ، زندگی کے ہر شعبے میں مساوی حقوق اور مواقع ملنے چاہئیں، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ نابینا افراد معاشرے کا ایک اہم، فعال اور برابر کا حصہ ہیں، جنہیں زندگی کے ہر شعبے میں مساوی حقوق اور (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)

عمران خان کو کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑیں گے، جمہوریت کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے، محمود خان اچکزئی

اسلام آباد/کوئٹہ (این این آئی) قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ وہ علامہ راجہ ناصر عباس کے ساتھ مل کر عمران خان کو کسی صورت اکیلا نہیں چھوڑیں گے اور جمہوریت کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔

لوکل گورنمنٹ ملازمین کی تنخواہیں فوری ادا کی جائیں، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے لوکل گورنمنٹ کے ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صفائی کے ملازمین دوسرے ماہ جبکہ ڈیلی ویجز ملازمین تین ماہ سے زائد عرصے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 24)

پاکستان کے خوف کی وجہ سے بھارت مقبوضہ کشمیر کو نقصان نہیں پہنچا سکتا، فاروق عبداللہ

پاکستان ہر موقع پر کشمیریوں کیساتھ کھڑا اور بچانے پہنچتا ہے، اسی لئے کشمیریوں کی آواز سنی جارہی ہے، سابق وزیراعلیٰ

اسلام آباد (این این آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے سابق وزیراعلیٰ فاروق عبداللہ نے بھارت کی پالیسیوں پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے خوف کی وجہ سے بھارت مقبوضہ کشمیر کو نقصان نہیں پہنچا سکتا، اور اسے اس قدر برباد کیا جاتا ہے کہ وہ گھر کے برتن تک فروخت کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر میں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ فاروق عبداللہ نے مقبوضہ کشمیر پر بھارت کی جابرانہ پالیسیوں پر سخت سوالات اٹھائے جبکہ پاکستان اور کشمیر کی والہانہ محبت کا اعتراف کیا۔ پاکستان ہر موقع پر کشمیریوں کے ساتھ کھڑا ہے اور بچانے پہنچتا ہے۔

پی ایس ایل کی افتتاحی تقریب اس بار ہمیں منعقد کرنے کا موقع دیا جائے، فیصل کریم کنڈی

کھیل انتہا پسندی کی سوچ کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، گورنر خیبر پختونخوا



پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا نے کہا ہے کہ رواں برس پاکستان سپر لیگ کی افتتاحی تقریب کا موقع کے پی کو فراہم کیا جائے۔ گورنر ہاؤس پشاور میں زلمی مدرسہ کرکٹ لیگ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ کھیل انتہا پسندی کی سوچ کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پولیس اور سکیورٹی فورسز نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔

پٹرولیم لیوی بھتہ کے خلاف جماعت اسلامی کا دھرنا

عوام اب نظام کو تباہ کرنے والوں سے حساب لیں گے، محبوب الزماں بٹ

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پٹرولیم لیوی بھتہ کے خلاف جماعت اسلامی کی تحریک کے اگلے مرحلہ میں حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر کارکنوں نے گزشتہ روز ملک بھر میں احتجاجی دھرنے دیئے۔ فیصل آباد میں بھی جماعت اسلامی کے کارکنوں نے پریس کلب روڈ پر احتجاجی دھرنا دیا جس کی قیادت صوبائی نائب امیر نصراللہ گورایہ، ضلعی امیر پروفیسر محبوب الزماں بٹ، میاں طاہر ایوب، چوہدری محمد سلیم، یاسر اقبال کھارا و دیگر نے کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے راہنماؤں نے کہا کہ اس عوامی تحریک کو منطقی انجام تک پہنچانے کا وقت آن پہنچا ہے۔

بیگم نصرت بھٹو کی قربانیاں فراموش نہیں کر سکتے، میاں ریاض

پیپلز پارٹی مادر جمہوریت کے مشن اور عوامی خدمت کو آگے بڑھاتی رہیگی: گنگتو



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے لئے آمریت کے خلاف جدوجہد میں ناقابل فراموش قربانیاں دیں۔ بیگم نصرت بھٹو کی برسی کے موقع پر پیپلز پارٹی سٹی کے نائب صدر اور ٹکٹ ہولڈر پی پی 116 میاں ریاض الحق نے بیگم نصرت بھٹو کی ثابت قدمی، عزم اور قربانیوں کو زبر دست خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتی۔ انہوں نے کہا کہ بیگم نصرت بھٹو (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد میں ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ سرگرم، 67 وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ لیا، متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے

365 گ ب کے رفعت کی حویلی سے سولر، انورٹر چوری، 164 گ ب کی مہراں بی بی سے 20 ہزار وٹون چھین لیا

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں ڈکیتی چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، فیصل آباد میں ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ سرگرم، 67 وارداتوں کے دوران لاکھوں کا مال و اسباب لوٹ لیا، متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اڑے جبکہ اوباش افراد نے سبز باغ دکھا کر 3 خواتین اور 2 لڑکوں کو اغوا کر لیا، پولیس نے متوایان کی بازیابی کیلئے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ تفصیل کے مطابق گلبرگ کے علاقہ عوامی کالونی کے علی رضا کی اہلیہ (س) کو ملزمان ارسلان وغیرہ، سرگودھا روڈ کے علاقہ خالد آباد کے حمزہ کی ہمشیرہ (ک) کو اوباش ملزمان حیدر وغیرہ، ڈی ٹائپ کالونی کے علاقہ سہیل آباد کے فیضان کی ہمشیرہ (ز) کو گھر سے بازار جاتے ہوئے نامعلوم ملزمان نے اغوا کر لیا، ملت ٹاؤن کے علاقہ ستارہ ویلی کے عبدالستار کا بیٹا عثمان گھر سے پڑھنے گیا واپس نہ آیا، سمندری لاری اڈا سے بلال کے بھائی ثقلین کو نامعلوم ملزمان نے اغوا کر لیا، پولیس مصروف تفتیش ہے۔ جبکہ فیض آباد میں شفیق کی فیکٹری سے سوتر چوری، مراد آباد کے منیر سلطان کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 19)

فیصل آباد۔ فریحہ اعزاز بھٹی پاکستان اور چائنیز کمپنی (RUINHE) کمیٹڈ کے درمیان انعام لیکیج کمیٹڈ کے منصوبے پر سیمینار سے صدر چیمبر آف کامرس عارف احسان ملک، رانا سکندر اعظم، مسٹر لک جز لکھر ربیے، مسٹر لیسن کنڈی منیجر، ڈاکٹر کامران طاہر بھٹی، میاں شاہد بھٹی، میاں زاہد بھٹی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner